گرامر کا سبق 6b مزید فیہ: عَلَّمَ

اب ہم پہلے مزید فیہ عَلَّمَ کے مختلف صیغے بنائیں گے (عَلِمَ ← عَلَّمَ)۔ فَعَلَ کے اور عَلَّمَ کے صیغے بنانے میں بہت زیادہ فرق نہیں ہے۔ بس تشدید کو ہر صیغے میں لے کر چلنا ہے۔ اس طرح کے افعال قرآن کریم میں تقریبًا **1700** بار آتے ہیں۔

- مضارع کی چابی: يُعَلِّمُ (شروع میں يُـ اور آخری حرف سے پہلے زیر کو اچھی طرح نوٹ کیجیے)
- امر کی چابی: عَلِّمْ۔ ماضی کی چابی کے آخری حرف سے پہلے زیر لگائیے اور آخری حرف پر سکون لگائیے۔
- اسم فاعل یا اسم مفعول: ماضی کی چابی پر مُ لگانا ہے اور آخری حرف سے پہلے زیر یا زبر: مُعَلِّم، مُعَلَّم

عَلَّمَ: اس نے سکھایا (خانوں کے الفاظ میں 3 افعال کی چابیاں ہیں اور 3 اسماء کی چابیاں)

فعل ماضی		فعل مضارع		فعل أمر، فعل نهي، اسم فاعل، اسم مفعول، كام کا نام	
عَلَّمَ	اس نے سکھایا	يُعَلِّمُ	وہ سکھاتا ہے	عَلِّمْ	سکھا!
عَلَّمُوْا	ان سب نے سکھایا	يُعَلِّمُوْنَ	وہ سب سکھاتے ہیں	عَلِّمُوْا	سکھاؤ!
عَلَّمْتَ	آپ نے سکھایا	تُعَلِّمُ	آپ سکھاتے ہیں	لَا تُعَلِّمْ	مت سکھا!
عَلَّمْتُ	میں نے سکھایا	أُعَلِّمُ	میں سکھاتا ہوں	لَا تُعَلِّمُوْا	مت سکھاؤ!
عَلَّمْتُمْ	آپ سب نے سکھایا	تُعَلِّمُوْنَ	آپ سب سکھاتے ہیں	مُعَلِّم	سکھانے والا
عَلَّمْنَا	ہم سب نے سکھایا	نُعَلِّمُ	ہم سب سکھاتے ہیں	مُعَلَّم	جس کو سکھایا گیا
عَلَّمَتْ	اس عورت نے سکھایا	تُعَلِّمُ	وہ عورت سکھاتی ہے	تَعْلِيم	سکھانا

عربی بول چال

هَلْ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ؟ — نَعَمْ، عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ.

هَلْ عَلَّمُوا الْقُرْاٰنَ؟ — نَعَمْ، عَلَّمُوا الْقُرْاٰنَ.

هَلْ عَلَّمْتَ الْقُرْاٰنَ؟ — نَعَمْ، عَلَّمْتُ الْقُرْاٰنَ.

هَلْ عَلَّمْتُمُ الْقُرْاٰنَ؟ — نَعَمْ، عَلَّمْنَا الْقُرْاٰنَ.

کلاس کے بعد آپس میں سوالات و جوابات کیجیے:

- فعل مضارع: هَلْ تُعَلِّمُ الْقُرْاٰنَ؟ — نَعَمْ، أُعَلِّمُ الْقُرْاٰنَ.
- فعل امر: عَلِّمِ الْقُرْاٰنَ! — أُعَلِّمُ الْقُرْاٰنَ.
- اسم فاعل/اسم مفعول: هَلْ أَنْتَ مُعَلِّمٌ؟ — نَعَمْ، أَنَا مُعَلِّمٌ.

عَلَّمَ ہی کی طرح سَبَّحَ (اس نے پاکی بیان کی) کا پورا ٹیبل بنایا جا سکتا ہے۔ اسی طرح کچھ اور افعال بھی اسی اسٹائل پر آتے ہیں۔